369

# اک پیاسا انسان

اک پیاسا انسان دریا دل انسان
آبِ بقا کا سر چشمہ ہے کوثر کی ہے جان

جامِ ولا کے پینے والے جس کی پیاس پہ مرتے ہیں
جس کی پیاس کو ساحل ساحل سجدے سمندر کرتے ہیں
جس کے دریا دیوانے ہیں عاشق ہیں طوفان

ابرِ رحمت برس رہا ہے جس کی پیاس کے صدقے میں
سارا جہاں سیراب ہوا ہے جس کی پیاس کے صدقے میں
آبِ رواں کیا آبِ زم زم سب اِس پر قربان

پیاس نے جس کے بَل بوتے پر دریاؤں پر راج کیا
مظلوموں کو طاقت بخشی ظالم کو محتاج کیا
جس کی پیاس کے ساغر پی کر دین چڑھا پروان

جس پیاسے کے نقشِ قدم بھی رحمت کے پرنالے ہیں
جس کے اِک دیدار پہ قرباں بینائی کے پیالے ہیں
جس کے عشق میں ڈوبا ہوا ہے آج تلک قرآن

بحرِ شجاعت بحرِ سخاوت بحرِ اطاعت سب اِس کے
عشق کی ندیاں حسن کے جھرنے چشمہِ رحمت سب اِس کے
دونوں جہاں کی ہر اِک شے پر جس نے کیا احسان

جس کی پیاس نے بڑھتے بڑھتے طوفانوں کو گھیر لیا
ظلم وستم کی ہر سازش پر پیاس نے پانی پھیر دیا
دشتِ بلا کو جس نے بنایا ظلم کا قبرستان

کہتے ہیں شبیرؑ اُسے اور شبرؑ اُس کا بھائی ہے
خود یہ محمدؐ کا ہے نواسہ اور زینبؑ ماں جائی ہے
ماں زہراؑ ہے باپ علیؑ ہے دادا ہے عمرانؑ

اِس کے قدموں کی مٹی سے حُسن کے زیور بنتے ہیں
اِس کی پاکیزہ چوکھٹ کے ذرے گوہر بنتے ہیں
اِس کی یاد میں بہنے والے آنسو ہیں مرجان